نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

زرعی اجناس کی باقیات سے بجلی پیدا کرنے کے متعدد اقدامات کئے ہیں،سیکرٹری زراعت

زرعی اجناس کی باقیات سے بجلی پیدا کرنے کے لئے فیصل آباد کے گردنواح میں منصوبہ پر کام جاری،سی ای او بائیوانرجی کمپنی

لاہور:16جنوری 2017 (   )سیکرٹری زراعت پنجاب محمد محمود نے کہا کہ زرعی اجناس کی باقیات سے بجلی پیدا کرنے کا منصوبہ شروع کرنے کے لئے متعدد اقدامات کئے جارہے ہیں،اس حوالے سے ماہرین سے مشاورت جاری ہے،ہم ہر وہ قدم اٹھائیں گے جس سے کسان کو فائدہ ہو،کسان کی زرعی اجناس کی باقیات کو بہترین نرخ پر فروخت کو یقینی بنارہے ہیں،پنجاب بائیوانرجی کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر رانا محمد عارف نے سیکرٹری زرعت محمد محمود کو زرعی اجناس کی باقیات سے بجلی پیدا کرنے کے بارے بریفنگ دی،رانا محمد عارف نے بتایا کہ زرعی اجناس کی باقیات جمع کرنے کے لئے پانچ مشینیں درآمد کی جارہی ہیں اور کسانوں کو آگاہی فراہم کی جارہی ہے کہ وہ زرعی اجناس کی باقیات تلف نہ کریں،یہ باقیات بہترین قیمت پر فروخت کریں،انہوں نے کہا کہ ہم کسانوں کی فصلوں کی باقیات کو منافع میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں ابتدائی طور پر فیصل آباد کے گردنواح میں زرعی اجناس کی باقیات سے بجلی پیدا کرنے کا منصوبہ پر کام شروع کردیا گیا ہے،زرعی اجناس کی باقیات جمع کرنے کے لئے بڑے سٹور بنائے جائیں گے تاکہ وقت ضرورت فوری پاور پراجیکٹ کو زرعی اجناس کی باقیات فراہم کی جاسکیں،یہ منصوبہ اپنی مثال آپ ہے،اس منصوبہ سے فصلوں کی باقیات آگ لگا کر تلف کرنے کا رجحان بھی ختم ہوجائے گا اور فضائی آلودگی میں کمی ہوگی